گاندھی اینڈ چوکسی پروڈکشنز کا

نیا قدم

नया कदम

اداکاران
بلراج ساہنی
سلوچنا للیتا پوار

قیمت
چھ
نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

نیا قدم کے گانے

نمبر ۱

اجگر کرے نہ چاکری، اور پنچھی کرے نہ کام۔ داس ملوکا کہہ گئے سب کے داتا رام
اُنہی سے آس لگا سیا رام سیا رام۔ ہو تیری بگڑی بنا دیں سیا رام سیا رام
وہی کریں گے دیا سیا رام سیا رام۔
کھیل ہے اُسکے بائیں ہاتھ کا کرتے بھاگ جگا دے
تیرے لئے تاروں سے اونچا شیش محل بنوا دے۔
بن موسم تیرے آنگن میں ہیرے نوٹ برسا دے۔ اُنہی سے آس لگا......
ہے حرام یہ سود اور سودا میری بات سُن لالہ
جانے جانے اس دُنیا کو کہہ کر جا چلا
ہم غریب یوں بھی ہیں مُردہ چھوڑ ہمارا گلا۔ اُنہی سے آس لگا.....
کس چنتا میں آپ ہیں ڈھیلے بھائی پکوڑی مل
آپ کی مشکل بھی حل ہوگی۔ آج نہیں تو کل۔
تیرے کا میرے کا سب کا بھلا ہو۔ سب کرم کا پھل۔ اُنہی سے آس لگا سیا رام۔

نمبر ۲

کبھی کبھی کس لیتے ہم کو میری کے کاگے۔ پرچھائیں چلنے لگی ہے بڑھ کر آگے آگے
دھیرج دھر کر پونچھ لیا اپنی آنکھوں کا پانی۔ اُٹھ رہا ہے نیا قدم کہنے کو نئی کہانی۔

چلا جا رہا ہے مقدر بنانے ۔ مقدر کی باتوں کو مالک ہی جانے ۔ چلا جا رہا...
نئی راہ پر جا رہا ہے اکیلا ۔ یہیں چھوڑ کر اپنی خوشیوں کا میلہ
نئی راہ پر اب نیا گل کھلانے ۔ چلا جا رہا ہے....
ادھر سو رہے ہیں یہ آنکھوں کے تارے ۔ الگ ہو رہے ہیں یہ کشتی کنارے ۔
چلا ہے چمن کے امن کو بلانے ۔ چلا جا رہا ہے....
یہ خاموش راتیں یہ غم کی نشانی ۔ بیاں کر رہا ہے بڑھاپا کہانی
نہیں ہے تنکا سا آنسو چھپانے ۔ چلا جا رہا ہے....
کیا اپنی دولت کو جس کے حوالے ۔ اُسے وہ سنبھالے یا مالک سنبھالے ۔
چلا وہ اندھیرے میں شمع جلانے ۔ چلا جا رہا ہے....
ادھر ہے اندھیرا ۔ اُدھر ہے کنارا ۔ اِدھر آندھیاں ہیں نہ کوئی سہارا ۔
چلا اشک سے اپنے شعلے بجھانے ۔ چلا جا رہا ہے...

نمبر ۳

ہو چھوڑو منّا اس کملا دِ ملا ۔ ابو ٹنکو منکو آؤ ۔ آ کے دیکھو جادو تماشہ پیارا
کیا کھیل کھیلے مائی کا کھلونا ۔ کیا کھیل کھیلا ۔ کیا کھیل کھیلے
ہائے چلتی پھرتی دوکان ہے یہ دنیا ۔ دیکھو دام رے مائی کا کھلونا ۔ کیا کھیل...
نام عبداللہ یہ ذات کے ہیں حبشی ۔ پورے ساٹھ سال چلی زندگی کی کشتی
کمر جھکی بال پکے ۔ پر ہے وہی مستی ۔ دیکھو دام....
لیڈر یہ غریبوں کے دکھی نہیں غریبی ۔ لندن سے لائے ڈگری ۔ پیرس سے لائے بی بی

پیسے نہیں تھے ایسے جیسے گاؤں سے آئے تھے۔ انکو بھی زندگی نے کچھ خواب دکھائے تھے
ایک بنگلہ ہو۔ ایک موٹر ہو۔ تقدیر مہرباں ہم پر ہو۔
اس دل کی دل سے ٹکّر ہو۔ اپنا بھی کسی سے چکّر ہو۔
پھر تاج میں کھانا اکثر ہو۔ اور گانا بجانا اکثر ہو۔
دنیا ہو اگر خواب تو یہ خواب بھی جھوٹا ہے۔ محنت کا مگر یار وہ پھل ہی تو میٹھا ہے
ہاتھوں سے اُگایا ہے محنت سے اُتارا ہے۔ پرواہ نہیں ہم کو کڑوا ہے یا میٹھا ہے
دیکھے دام ....

نمبر ۵

ستیہ میو جیتے۔ ستیہ میو جیتے۔ ستیہ میو جیتے۔
نیا ہے دن، نئی ہے رات۔ لو نیا ہوا پربھات۔
اک نیا ہی جوش بھر کے دل میں ہم۔ نئی ڈگر پہ چل پڑے نئے قدم
ستیہ میو جیتے۔ ستیہ میو جیتے۔ ستیہ میو جیتے ستیہ میو...
یاد کرو تم پرتاپ کی کہانیاں۔ پرتاپ کی کہانیاں۔ ہر ہر ہر مہادیو۔
یاد کرو لکشمی جیسی ویرانیاں۔ ہو یانکی ویرانیاں۔ انقلاب زندہ باد
جنہوں نے دیش پر لٹا دیں زندگانیاں۔ یاد کرو اُن شہیدوں کی نشانیاں۔
اُنکے لال رکت کی سوگندھ تم۔ نئی ڈگر پہ ....
لو زمانہ اک نیا ہی رنگ لا رہا۔ نیا ہی رنگ لا رہا۔ ستیہ شِوم سُندرم۔
سنیہ کا یہ سُور یہ ملکی منتر گا رہا۔ سوتنتر منتر گا رہا۔ بندے ماترم

اب دلوں سے دور اندھکار جا رہا۔ نئی پون نیا گگن ہے مسکرا رہا۔
آدمی کا اب ہوا نیا جنم۔ نئی ڈگر پہ ....

نمبر ۵

کھیلو کھلاڑی کھیل ایسا۔ نہ کھیلا کوئی جیسا نہ ڈر دُنیا سے
جو کچھ بھی کرنا ہے وہ آج کرلے۔ تو کسی سے یہاں پیار کرلے۔ یہاں پیار کرلے
ہمت سے ہنس کے ڈگر سے گزرلے۔ زندگی ہے جُوا تو جُوا سمجھ لے
داؤ لگا نا ذرا بچ کے۔ ہو سوچ سمجھ کے۔ نہ ڈر دُنیا سے کھیلو کھلاڑی۔
جینا یا مرنا تو قسمت کی باتیں۔ دُکھ سے کٹتی ہیں پیار بھری راتیں۔
موسم جواں پھر تو کیوں ہے اکیلا۔ زندگی کا لُٹ جائیگا پل بھر میں میلہ
دیکھ کہیں جو نہیں مانا تو ہو گا پچھتانا۔ نہ ڈر دُنیا سے کھیلو کھلاڑی۔
وہ پھینک پاسہ جو دُنیا اُلٹ دے تو۔ تیری آج قسمت پلٹ دے۔
ہار ہار کو جیت ہیں تو بدل دے۔ آج تجھے کہتے ہیں ارماں مچل کے۔
دیکھ سمے کا ہے اشارہ۔ نہ کسی کا سہارا۔ نہ ڈر دنیا سے کھیلو کھلاڑی۔

نمبر ۶

چھوڑ دے من کے بھید بھاؤ کو۔ توڑ دے چھوٹی چہار دیواری۔
جنم مرن کے ایک تار سے بندھی ہوئی یہ دنیا ساری
کوئی آتا ہے کوئی جاتا ہے۔ سکھ دکھ کے دونوں پاؤں پر سنسار چلتا جاتا ہے۔ کوئی آتا ہے۔
ایک ڈگر کے ہم سب راہی منزل ایک ہماری۔ ارے بڑے چھوٹوں کی دنیا بنتی ہے کب نیاری

جنم ان کے ایک تار سے بندھی ہوئی یہ دنیا ساری۔
کوئی آتا ہے۔ کوئی جاتا ہے۔ سُکھ دُکھ کے دونوں پاؤں پر سنسار چلتا جاتا ہے۔ کوئی آتا ہے۔
ایک ڈگر کے ہم سب راہی منزل ایک ہماری۔ اُرے بڑے چھوٹوں کی دنیا بستی ہے کب نیاری
جانے پھر کیوں من کا پنچھی مایا میں پھنس جاتا ہے۔ کوئی آتا ہے۔
بھوکے کو روٹی دے اپنی خود بھوکا سو جائے۔ اوروں کا دُکھ اپنا سمجھے وہ انسان کہلائے
جو مطلب کیلئے جیئے، وہ جیتے جی مر جاتا ہے۔ کوئی آتا ہے۔۔
ایک لہر آئے اک جائے ساگر میں مل جائے۔ ماٹی کا تن بنا یہ تیرا ماٹی میں مل جائے
یہی جگت کی ریت باورے چاند چڑھا چھپ جاتا ہے۔ کوئی۔۔۔۔

گیت

تمہارے دل سے جو ہم دل لگائے بیٹھے ہیں۔ کہ چوٹ اپنے جگر پہ ہم کھائے بیٹھے ہیں۔
ہمیں کا ہے کو کرے بدنام بلما ہم تیری نظر کے غلام ہیں۔
اس دل میں ہے کبھی تصویر تیری۔ اور زباں پہ تیرا ہی نام ہے۔
تیرے قدموں پہ دل کو وار پیارے بلما ہم کھو گئے۔
تو ہوا نہ کسی کا دلدار یار ہم تیرے ہو گئے۔
ایسے بیدل سے دل جو لگائے بلما۔ اسکا ہوتا یہی انجام ہے۔ ہمیں کا ہے کو کرے۔۔
تیری نظروں سے دُور مجبور میرا دل بیقرار ہے۔ تم جو کچھ کہو منظور اے حضور جان نثار ہے۔
ٹھکرا نہیں نادان بالما۔ یہ محبت کا پہلا جام ہے۔ ہمیں کا ہے کو کرے۔۔۔

(ختم شد)

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر شہادتین	-/۱	شہادت نامہ کلاں	-/6/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	شہادت نامہ خورد	-/3/-
سیدہ کا لعل	2/-/-	مجموعہ مرثیہ اور نوحہ جات	-/۱
آمنہ کا لعل	-/4	شہیدان کربلا	-/۱
فاطمہ کا لعل	-/2	جنگ نامہ کربلا	-/۱
فاطمہ کا چاند	-/2	جنگ نامہ حضرت علی	-/12/-
جنگ نامہ قلعہ خیبر	-/6/-	جنگ زیتون محمد حنیف	-/8/-
روایت قبر یں	-/5/-	جنگ نامہ شہر بابل	-/12/-
پیام صغرا	-/3/-	جنگ نامہ توران	-/8/-
حضرت قاسم	-/3/-	سیدہ کی بیٹی	-/2/8

زمانہ حال کے بہترین شعرا کے کلام،

زندہ نامہ	-/2/4	نقش فریادی	-/2/4
جوہر	3/-/-	گجر	-/3
بیاز و صدف	-/2/8	سرود زندگی	-/2/4

رتن اینڈ کو بکسیلرز، دریبہ کلاں، دھلی

میلاد کی کتابیں،

میلاد شریف اکبر	1/-	میلاد مسجدی	-/8/-
میلاد شریف گوہر	1/-	زیور ایمان	1/-
میلاد شریف طپش	-/12/-	میلاد بہار حلد	-/12/-
میلاد شریف شہید	-/12/-	میلاد شریف مقبول	1/-
میلاد سعیدی	-/8/-	مدینے کا پھول	-/6/-
بہار مدینہ	-/4/-	مدینے کی کلی	-/6/-

اسلامی لٹریچر کی نایاب کتابیں،

رکن الدین	2/-	فضائل شہود و صیام	-/12/-
قصص الانبیاء	3/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	بہشتی زیور مکمل	8/-
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانۂ آدم	-/8/-
قیامت نامہ	-/8/-	شہید کربلا	-/8/-
قصہ حضرت ایوب	-/8/-	عزت المسلمین	-/6/-
معراج رسول	-/8/-	کرامات محبوب سبحانی	-/6/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں، دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)